

# مین آؤبھگت کی رہنما گائیڈ

# Les Garrigues

سروس برائے مائیگریشن، آؤبھگت اور با وقار مشترکہ زندگی


Generalitat de Catalunya
**Department de Drets Socials i Inclusió**

Consell Comarcal de
**Les Garrigues**

**Servei de Migracions, Acollida i Vida Digna Compartida**
Consell Comarcal de les Garrigues

# فہرست


LES GARRIGUES میں خوش آمدید ..... 05
اندراجِ رہائش (پَدرَون) ..... 07
تارکین وطن کے لئے معاونت کی سروس ..... 09
عوامی صحت ..... 11
کاتالان تعلیمی نظام ..... 15
کاتالان زبان سیکھنا ..... 19
تربیت حاصل کرنا ..... 21
ملازمت کی تلاش ..... 23
سوشل سروسز کا نظام ..... 25
یوتھ سروسز ..... 27
خواتین کے لئے معلوماتی اور خدماتی سروس (SIAD) ..... 29
کمپرینسیو کیئر سروس (SAI) ..... 29
ثقافت: لطف اندوز ہونا اور شرکت کرنا ..... 31
سلامتی اور تحفظ ..... 34
ماحول ..... 35
رہائش و مکان (ہاؤسنگ) ..... 39
’کومارکا‘ سے باہر دیگر سروسز اور سہولیات (SOC، اِمیگریشن آفس وغیرہ) ..... 41
ضمیمہ ..... 47
ضمیمہ 1: بلدیات کا پتہ اور رابطہ ..... 47
ضمیمہ 2: آؤبھگت، ہم آہنگی اور انکلوژنز کے ادارے ..... 50
ضمیمہ 3: لاس گارّیگاس کے تعلیمی مراکز ..... 51



# LES GARRIGUES میں خوش آمدید

میں ان تمام پڑوسیوں کو خوش آمدید کہتا ہوں جو Les Garrigues میں پہلی بار تشریف لائے ہیں، جو کاتالونیا کے 41 ’کومارکوں‘ (انتظامی تقسیم کے علاقوں) میں سے ایک ہے۔ 24 میونسپلٹیز پر مشتمل یہ ’کومارکا‘ تاریخی اور ثقافتی ورثہ سے مالا مال ہے، جہاں آپ کو خشک پتھروں کی تعمیرات جیسے نمایاں عناصر ملیں گے۔ یہ علاقہ، جو میدانی علاقوں سے لے کر پہاڑوں تک پھیلا ہوا ہے، زیتون اور بادام کے باغات، اور مختلف قسم کی خشکی اور سیرابی فصلوں کے متنوع منظر پر مشتمل ہے۔

Les Garrigues نے صدیوں پُرانی روایات اور رُسوم و رواج کو برقرار رکھا ہوا ہے جو بڑی حد تک دُنیا کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے لوگوں کی شراکت کا نتیجہ ہے۔ آؤبھگت کاتالونیا آنے والے کسی بھی شخص کا ایک حق ہے اور ساتھ ہی استقبال کرنے والے معاشرے کی ذمہ داری بھی ہے۔ میں چاہتا ہوں آپ اس ثقافت کا حصہ بنیں، اور مجھے اُمید ہے کہ آپ اسے جانیں اور اپنائیں گے۔

ہمارا ’کومارکا‘ آؤبھگت کی سر زمین ہے اور ہم آپ کی شمولیت کو ہماری میونسپلٹی اور باقی ’کومارکے‘ میں آسان بنانا چاہتے ہیں۔ اِسی لئے اس گائیڈ کے ذریعے ہم آپ کو Les Garrigues میں دستیاب وسائل اور صحت، تعلیم، ثقافت اور مشاورتی سروسز تک رسائی کے طریقۂ کار سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں۔ علاقائی اور میونسپل سروسز، ادارے اور گارّیگاس کے محلے دار آؤبھگت اور تنوع میں باہمی ہم آہنگی سے رہنے کے لئے یکجا ہو کر کام کرتے ہیں۔ اور اس علاقائی نیٹ ورک سے ہم آپ کو درکار معاونت اور مشاورت فراہم کریں گے۔

آؤبھگت کے عمل کو آسان بنانے کے لئے ہم آپ کو ایک بُنیادی راستہ تجویز کرتے ہیں جس کا آغاز اندراجِ رہائش (پَدرَون) اور آؤبھگت سروس سے ہوتا ہے۔

صدرِ Les Garrigues علاقائی کونسل
**Antoni Villas Miranda**
Consell Comarcal de Les Garrigues



# اندراجِ رہائش (پَدرَون)

رہائش کا اندراج کسی میونسپل میں مقیم لوگوں کا سرکاری ریکارڈ ہوتا ہے۔ رہائش کا اندراج ایک مُفت کاغذاتی کارروائی ہے جو آپ کا اس میونسپلٹی اور ریاستِ اسپین میں رہائشی ہونے کا ایک ثبوت ہے۔ یہاں رہنے والے تمام لوگوں کو اندراجِ رہائش کا حق حاصل ہے اور اس کا انحصار آپ کی انتظامی حیثیت اور رہائش کے حالات پر نہیں ہے۔

’پَدرَون‘ میں رجسٹر ہونے کے دو طریقے ہیں: یا تو بلدیاتی دفاتر میں ذاتی طور پر جا کر، یا ایک عام درخواست (instància genèrica) کے ذریعے (اِس کے لئے آپ کو علاقائی کونسل کی طرف سے جاری کردہ ڈیجیٹل سرٹیفکیٹ درکار ہوتا ہے، جسے حاصل کرنے میں آپ کو صرف پاسپورٹ کافی ہے)۔

اِمیگریشن کے قوانین سے متعلق کاغذاتی کارروائیوں اور تعلیم یا صحت جیسی پبلک سروسز تک رسائی کے لئے پَدرَون میں اندراج ضروری ہے۔

مستقل رہائشی اجازت نامہ نا رکھنے والے غیر یورپی یونین شہریوں پر ہر دو سال بعد اپنی ’پَدرَون‘ کی تجدید کرنا لازم ہے۔ تجدید نہ کروانے کی صورت میں بلدیاتی پَدرَون سے اندراج ختم کر دیا جائے گا۔ اسی طرح، اگر آپ اپنے ملک واپس چلے جاتے ہیں یا اسپین چھوڑ دیتے ہیں تو بلدتی رجسٹر سے اخراج کی اطلاع دینا بھی ضروری ہے۔

**آپ کی رہائشی بلدیہ کے ’شہری خدمت کے آفس‘ میں آپ کو رہنمائی فراہم کریں گے۔**

ضمیمہ 1 ملاحظہ کریں: بلدیات کا پتہ اور رابطہ۔

مزید معلومات کے لیے، ’محکمہ برائے مساوات اور حقوق نسواں‘ کے تحت ’انسانی حقوق کے فروغ اور دفاع‘ کے لیے جنرل ڈائریکٹوریٹ کی ویب سائٹ چیک کریں:

https://igualtat.gencat.cat/ca/ambits-dactuacio/drets-humans-i-igualtat-de-tracte/lempadronament/



# تارکین وطن کے لئے معاونت کی سروس

علاقائی کونسل، گارّیگاس میں کمیونٹی کو مکمل معاونت فراہم کرنے کے مقصد کے تحت ’ہجرت، آؤبھگت اور با وقار مشترکہ زندگی‘ کی سروس فراہم کرتی ہے۔ کچھ خدمات –جیسے آؤبھگت اور اِمیگریشن کے قوانین سے متعلق رہنمائی اور قانونی مشاورت– خصوصاً غیر ملکی تارکین وطن، پناہ کے درخواست گزار، پناہ گزیں اور بے وطن افراد کے لئے ہیں، اور کچھ حد تک بیرونِ ملک سے واپس آنے والے کاتالان افراد بھی ان سے مستفید ہوسکتے ہیں۔

یہ سروس ’کومارکا‘ کی تمام بلدیات کے ساتھ باہمی رابطے میں کام کرتی ہے اور درج ذیل خدمات فراہم کرتی ہے:

- پیپرز حاصل کرنے کے مختلف راستوں اور اِمیگریشن سے متعلق کاغذاتی کارروائیوں کے بارے میں مشاورت اور رہنمائی۔
- ہسپانوی شہریت کے حصول کے پورے عمل کے دوران معاونت۔
- Generalitat (حکومتِ کاتالونیا) کی اِمیگرشن رپورٹس کی کارروائی (مکان کی رہائش کے لئے مناسبت کی رپورٹ اور سماجی انضمام کی رپورٹ)۔
- ابتدائی آؤبھگت کے سرٹیفکیٹس کا اجرا۔
- ابتدائی آؤبھگت کی تربیت: کاتالان کے کورسز، ڈیجیٹل مہارت کے کورسز، ’مودُولو B‘ اور ’مودُولو C‘۔
- فیملی کو (اسپین) لانے کے پورے عمل کے دوران رہنمائی۔
- عوامی انتظامیہ کے پیشہ ور افراد اور تنظیموں کے اراکین کے لئے تربیتی پروگرام۔
- تعلیمی مراکز (پرائمری اور سیکنڈری اسکولوں میں ورکشاپس) اور عام شہریوں کے لئے آگاہی پیدا کرنے کے اقدامات۔ ان اقدامات کے ذریعے باہمی احترام کے اقدار کے فروغ اور ثقافتی تنوع کو دولت اور برابری کا ذریعہ سمجھنے پر زور دیا جاتا ہے۔ نیز تارکین وطن افراد کے خلاف پائے جانے والے دقیانوسی تصورات اور تعصبات کو بھی نُمایاں کرنے کے لئے کام کرتے ہیں، جس کا مقصد اس کے نتائج –جیسے امتیازی سلوک اور سماجی اخراج– پر غور و فکر کرنے کو فروغ دینا ہے۔ اسی ضمن میں خصوصی دنوں کی مناسبت سے مختلف سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے، جیسے تارکین وطن کا عالمی دن (18 دسمبر)۔

- مساوی سلوک اور عدم امتیازی سلوک کے قانون 19/2020 کے مطابق، نسل، عقائد، جسمانی خدوحال وغیرہ کی بِنا پر امتیازی سلوک کے کیسز کے بارے میں معلومات اور مشاورت[1]۔

1 مساوی سلوک اور عدم امتیاز کے آفس کی ویب سائٹ:

https://igualtat.gencat.cat/ca/oficina-digualtat-de-tracte-i-no-discriminacio/

## قانونی مشاورت کی سروس

Les Garrigues کی علاقائی کونسل اِمیگریشن سے متعلق کارروائیوں میں مفت قانونی مشاورت کی سروس فراہم کرتی ہے۔ اس سروس میں شامل ہیں:

- کام اور/یا رہائش کے اجازت نامے (کارڈز) اور ان کی تجدید۔
- قانونی حیثیت (پیپرز) کا حصول (آرائیگو)۔
- فیملی کو (اسپین) لانے کی کارروائیاں۔
- نیشنلٹی (شہریت)۔
- یورپی یونین کے ضوابط کے تحت پیپرز۔
- کارڈ، سٹوڈنٹ ویزا وغیرہ میں ترمیمات۔
- تعلیمی اور پیشہ ورانہ رہنمائی (منظم، پیشہ ورانہ اور مسلسل تربیت، تعلیمی سند کی تصدیق اور مہارتوں کی توثیق و تصدیق کے بارے میں معلومات)۔

اِن اور دیگر تمام کاغذاتی کارروائیوں کے لئے علاقائی کونسل میں پیشگی اپوائنٹمنٹ لینا لازمی ہے۔

Avinguda de Francesc Macià, 54. 25400, les Borges Blanques

immigracio@garrigues.cat

973 142 658

https://ccgarrigues.com/serveis/servei-de-migracio-acollida-i-vida-digna-compartida/

012 حکومتِ کاتالونیا کا شہری خدمت کا مُفت ٹیلیفون نمبر ہے۔ یہ حکومتِ کاتالونیا کی خدمات اور اقدامات کے بارے میں عام معلومات اور آن لائن کاغذاتی کارروائی کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔

# عوامی صحت

پبلک ہیلتھ سسٹم تک رسائی بُنیادی انسانی اور آفاقی حق ہے (انسانی حقوق کا آفاقی منشور، آرٹیکل 25)۔ لہذا، کاتالونیا میں مقیم تمام افراد کو صحت کی خدامت کی ضمانت حاصل ہے (قانون 9/2017، 27 جون)۔

**پرائمری کیئر سنٹر (CAP)** اِن پرسن کیئر کی ایک اسپیس ہے جہاں صحت کے کسی مسئلے کی صورت میں یا کسی بیماری سے بچاؤ کے لیے رجوع کیا جاتا ہے۔ صحت کی دیگر خدمات (ہسپتال، ماہرین ڈاکٹرز) کا پرائمری کیئر سنٹر سے ریفرل کے ذریعے اہتمام کیا جاتا ہے۔

**Salut Respon 061** ایک مفت ٹیلیفون سروس ہے جو ہنگامی حالات، شبہات و سوالات کو حل کرنے، صحت کے مسائل سے متعلق جواب دینے یا ایمبولینس کی درخواست کرنے کے لئے دستیاب ہے۔

**انفرادی صحت کارڈ** (TIS) کے ذریعے آپ پبلک ہیلتھ سسٹم تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں، یہ کارڈ مُفت، ذاتی اور نا قابلِ منتقلی ہے۔

**درکار دستاویزات**

- بلدیہ کا جاری کردہ رہائش (پَدرَون) کا سرٹیفکیٹ
- رائج پاسپورٹ

**یہ کہاں اپلائی کیا جاتا ہے؟**

- ہیلتھ کارڈ CAP (پرائمری کیئر سنٹر) میں اپلائی کیا جاتا ہے۔

مندرجہ ذیل لِنک کے ذریعے، اسے آن لائن بھی اپلائی کیا جا سکتا ہے:

https://catsalut.gencat.cat/ca/coneix-catsalut/acces-sistema-salut/la-tsi/obtencio-tsi/

- تصدیق شُدہ مرض کا شکار ہونے اور 'پَدرَون' نہ ہونے کی صورت میں، ریڈ کراس ادارہ ہیلتھ کارڈ اپلائی کرنے میں مدد کر سکتا ہے:

Avinguda de Francesc Macià, 54. 25400, les Borges Blanques

lesgarrigues@creuroja.org

973 14 34 93

**طبی اپوائنٹمنٹ کے لئے:**

- ذاتی طور پر: پرائمری کیئر سنٹر (CAP) یا مقامی طبی مرکز میں۔
- ٹیلیفون پر: 901 268 933
- آن لائن، La Meva Salut پر:

https://catsalut.gencat.cat/ca/serveis-sanitaris/la-meva-salut/ o https://citasalut.gencat.cat

**علاقائی طبی سہولیات**

**Les Borges Blanques کا پرائمری کیئر سنٹر (CAP)**

Carrer Raval del Carme, 147. 25400, les Borges Blanques

973 14 20 33

24 گھنٹے

اس **CAP** میں **جنسی اور تولیدی صحت کی سروس (ASSIR)** بھی فراہم کی جاتی ہے

https://www.icsgsslleidapirineu.cat/atencio-primaria-de-lleida/cap-les-borges-blanques

ویب سائٹ پے آپ کو **Les Borges Blanques** کے **CAP** کے علاقے کی میونسپلٹیز کے طبی مراکز کا پتہ اور ٹیلیفون ملے گا:

- Arbeca (آربیکا)
- Castelldans (کستیئدانز)
- Cervià de les Carrigues (سربیآ دا لاس گارّیگاس)
- El Cogul (اَل کوگُل)
- El Vilosell (اَل ویلُوزیئی)
- Els Omellons (اَلز آومییونز)
- Fulleda (فُوییدا)
- Juneda (جُونیدا)
- L'Albagès (لآلباجیس)
- L'Albi (لآلبی)
- L'Espluga Calba (لسپلُوگا کالبا)
- La Floresta (لا فلُوریستا)
- La Pobla de Cèrvoles (لا پوبلا دا سیربولاس)
- Tarrès (ترّیس)
- Vinaixa (ویناشا)

- **La Granadella کا پرائمری کیئر سنٹر (CAP)**

Carrer de la Pobla, 74. 25177 La Granadella

973 133 207

دفتری اوقات، صبح 8:00 سے دوپہر 15:00 بجے تک۔ ہفتہ، اتوار اور تعطیلات کے دوران: صبح 9:00 سے دوپہر 14:00 بجے تک۔

https://www.icsgsslleidapirineu.cat/atencio-primaria-i-comunitat-lleida/granadella

اس ویب سائٹ پر آپ La Granadella کے CAP کے دائرہ کار میں آنے والی میونسپلٹیز کے طبی مراکز کا پتہ اور ٹیلیفون حاصل کر سکتے ہیں:

- Bellaguarda (بیئیاگواردا)
- Bovera (بُوویرا)
- El Soleràs (آل سولیراس)
- Els Torms (آلز تورمز)
- Granyena de les Garrigues (گرانینا دا لاس گارّیگاس)
- Juncosa (جُنکوزا)
- Llardecans (یارداکانز)

**ماہرین (ڈاکٹرز) اور ہسپتال کی سروس:**

- **Arnau de Vilanova یونیورسٹی ہسپتال**

Avinguda de Rovira Roure, 80. 25198, Lleida

973 248 100

https://www.icsgsslleidapirineu.cat/hospital-universitari-arnau-vilanova-lleida/ciutadania

- **Santa Maria یونیورسٹی ہسپتال**

Avinguda Alcalde Rovira Roure, 44, 25198 Lleida

973 72 72 22


https://icsgsslleidapirineu.cat/hospital-universitari-santa-maria/area-pacient


ZER

# کاتالان تعلیمی نظام

تعلیم ایک بنیادی انسانی حق ہے اور اس لیے یہ آفاقی ہے (انسانی حقوق کا آفاقی منشور، آرٹیکل 26)۔ لہذا، کاتالونیا میں مقیم افراد کو سیکنڈری تعلیم کی ضمانت حاصل ہے۔

تعلیمی مراحل



**داخلہ کرانے کا طریقہ:**

بچوں اور نوجوانوں کو پرائمری، سیکنڈری اور اعلیٰ تعلیم کے کسی بھی مرحلے میں داخل کروانے کے لئے پیشگی رجسٹریشن اس ویب سائٹ کے ذریعے آن لائن کرنا لازمی ہے: https://preinscripcio.gencat.cat/ca/inici

پرائمری اور سیکنڈری تعلیمی مراحل کے لئے پیشگی ریجسٹریشن کا عمومی عمل مارچ کے مہینے میں ہوتا ہے، جبکہ باقی مراحل کے لئے مئی کے مہینے میں انجام دیا جاتا ہے۔

'پَدرَون' یا قانونی حیثیت (یعنی پیپرز) کا نہ ہونا آپ کے بچوں اور بچیوں کے حصولِ تعلیم کے عمل میں رکاوٹ نہیں ہو سکتا۔

کسی سرکاری تعلیمی ادارے میں داخلہ کرواتے وقت آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کا بیٹا یا بیٹی مندرجہ ذیل مذاہب میں سے کسی ایک کی تعلیم حاصل کر سکے: اسلام، یہودیت، انجیلیت یا کیتھولک مذہب۔

درسی سال کا آغاز ستمبر میں اور اختتام جون میں ہوتا ہے۔

کسی بھی شبہہ یا سوال کے لیے آپ اُس تعلیمی مرکز یا بلدیہ سے رابطہ کر سکتے ہیں جہاں آپ اپنے بچے یا نوجوان کو داخل کروانا چاہتے ہیں۔

آپ **Les Garrigues کی تعلیمی سروس** سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں:

Carrer del Doctor Trueta, S/N. 25400 Les Borges Blanques

973 142 123

se-garrigues@xtec.cat

https://serveiseducatius.xtec.cat/garrigues/

Les Borges Blanques کی بلدیہ کے کیس میں آپ **Pla Educatiu d'Entorn (ماحول کا تعلیمی پلان)** سے رابطہ کر سکتے ہیں:

Carrer del Doctor Trueta, S/N. 25400 Les Borges Blanques

pee@lesborgesblanques.cat

مراکز کے بارے میں معلومات حاصل کرنے اور ان سے رابطہ کرنے کے لیے Les Garrigues کے مراکز کا ضمیمہ ملاحظہ کریں۔

**اضافی تعلیمی سروسز:**

- **اسکول کا ڈائننگ رُوم:** تقریباً تمام نرسری اور پرائمری تعلیمی مراکز (اور کچھ سیکنڈری اسکولوں) میں ان بچوں کے لئے ڈائننگ رُوم کی سہولت دستیاب ہے جو تعلیمی مرکز میں دوپہر کا کھانا کھاتے ہیں۔ خاندانوں کے لئے اس سروس کی لاگت سستی ہوتی ہے۔
- **اسکول ٹرانسپورٹ:** جن طلبہ کا اسکول یا سیکنڈری اسکول ان کی رہائشی میونسپلٹی میں واقع نہیں ہے، وہ اپنے تعلیمی مرکز تک مفت اسکول ٹرانسپورٹ استعمال کرنے کے حق دار ہیں۔ اس صورت میں انہیں مُفت اسکول ڈائننگ رُوم کی سروس کی بھی ضمانت دی جاتی ہے۔
- **غیر نصابی سرگرمیاں:** یہ کھیل، فنون، ثقافتی، تکنیکی اور دیگر سرگرمیاں ہوتی ہیں جو اسکول کے اوقات ختم ہونے کے بعد منعقد کی جاتی ہیں۔
- **’کاسال‘ (تفریحی مرکز):** کئی تعلیمی مراکز اسکول کی تعطیلات کے دوران تفریحی سرگرمیوں کا اہتمام کرتے ہیں۔ یہ سرگرمیاں بچوں اور نوجوانوں کا تعلیمی مرکز کے ساتھ تعلق برقرار رکھتی ہیں اور، اس کے ساتھ کام اور خاندانی زندگی میں توازن کو بھی آسان بناتی ہیں۔

اسکول یا سیکنڈری اسکول کی **اسٹوڈنٹ فیملیز ایسوسی ایشن** (AFA) میں آپ کی شرکت نہایت اہم ہے۔ AFA میں شرکت کرنے والے رضا کار خاندانوں کی بدولت غیر نصابی اور تربیتی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ تہواروں کے اہتمام میں معاونت فراہم کرنا ممکن ہوتا ہے۔ AFA خاندانوں کی فلاح و بہبود کو یقینی بناتی ہے، بہتری کے لیے اقدامات اور تجاویز جمع کرتی ہے اور اساتذہ اور خاندانوں کے مابین ثالثی کے طور پر ان تجاویز کو تعلیمی مرکز کی انتظامی ٹیم تک پہنچاتی ہے۔



# کاتالان زبان سیکھنا

کاتالونیا کی اپنی زبان کاتالان ہے۔ یہ گارّیگاس کے رہائشیوں کی زبان ہے، اور اسے بولنے سے آپ علاقے میں بہتر طریقے سے شمولیت اختیار کریں گے۔ علاوہ ازیں، بعض ملازمتوں تک رسائی کے لئے کاتالان زبان ضروری ہے، اور اسکول میں یہ عمومی استعمال کی زبان ہے۔

اگر آپ کاتالان زبان سیکھنے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو آپ سرکاری کورسز کے لئے Les Garrigues کی 'کاتالان کی علاقائی سروس' کے تحت 'کنسورشیم فار لینگویج نارملائزیشن' (CPNL) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ریڈ کراس میں بھی کاتالان کی کلاسیں فراہم کی جاتی ہیں۔

آپ کی رہنمائی کریں گے:

**کنسورشیم فار لینگویج نارملائزیشن**

Avinguda de Francesc Macià 54. 25400, Les Borges Blanques

973 142 658

garrigues@cpnl.cat

https://www.cpnl.cat/xarxa/cnllleida/directori/295/scc-de-les-garrigues

**Les Garrigues ریڈ کراس**

Av/ Francesc Macià 52, 25400 Les Borges Blanques

973 14 34 93

lesgarrigues@creuroja.org

https://www.instagram.com/creurojalesgarrigues/?hl=es

**سروس برائے مائیگریشن، آؤبھگت اور با وقار مشترکہ زندگی**

Avinguda de Francesc Macià, 54. 25400, les Borges Blanques

immigracio@garrigues.cat

973 142 658

https://ccgarrigues.com/serveis/servei-de-migracio-acollida-i-vida-digna-compartida/



# تربیت حاصل کرنا

اگر آپ اپنی تعلیم و تربیت میں مزید اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو **بالغ افراد کے تربیتی مراکز (CFA)** میں تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ ان مراکز میں **25** سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کے لیے یونیورسٹی تک رسائی کے کورسز، انگریزی، کاتالان، ہسپانوی زبانوں کے کورسز، تکنیکی تعلیم اور ثانوی تعلیم کی سند حاصل کرنے کے کورسز فراہم کرتے ہیں۔ یہ مراکز Lleida شہر میں واقع ہیں۔.

**(سگریآ CFA) CFA Segrià**

Carrer Juneda 16. 25001, Lleida

973205147

c5006410@xtec.cat

https://agora.xtec.cat/cfasegria/

**(ویتورینا ویلا CFA) CFA Vitorina Vila**

Carrer de la Mercè 16. 25003, Lleida

973 260745

c5007611@xtec.cat

https://agora.xtec.cat/cfavictorinavila/

اگر آپ پیشہ ورانہ تربیت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ SOC (ایمپلائمنٹ سروس آف کاتالونیا) کے 'مرکز برائے معلومات اور پیشہ ورانہ تربیت' (CIFO) میں تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ Terres de Ponent کے علاقے میں ملازمت کے لیے پبلک پیشہ ورانہ تربیت کا ادارہ ہے۔ اس کے تربیتی پروگرام میں تنصیب اور دیکھ بھال، مکینیکل مینوفیکچرنگ، بجلی اور الیکٹرانکس، اور توانائی اور پانی کے پیشہ ورانہ شعبہ جات کی مہارتیں شامل ہیں۔ یہ مہارتیں زرعی شعبے اور زرعی و غذائی صنعت دونوں میں قابلِ اطلاق ہیں۔

آپ کی رہنمائی کریں گے:

**(یئیدا CIFO) CIFO Lleida**

Carrer Enric Farreny, 3, 25199 Lleida

973 72 76 20

cifo_lleida.soc@gencat.cat

https://serveiocupacio.gencat.cat/ca/soc/com-ens-organitzem/centres-propis-formacio-cifo-cfpa/
centres-dinnovacio-i-formacio-ocupacional-cifo/cifo-lleida/index.html

SOC کی ویب سائٹ پر آپ ان کورسز، اسپشلٹیز اور تربیتی مراکز کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں:

https://serveiocupacio.gencat.cat/ca/persones/vull-formar-me/cercadors-formacio-especialitats/

**Fundació Pagesos Solidaris (ہمدرد کسان فاؤنڈیشن)** زرعی شعبے میں روزگار کے حصول کے لیے کورسز فراہم کرتی ہے، آؤبھگت کی خدمت سرانجام دیتی ہے اور ان کے پاس ملازمت کے مواقع کی فہرست موجود ہے۔

Carrer del Riu Besos 22 Baixos. 25001 Lleida

973 28 82 02

pagesossolidaris@pagesossolidaris.org.

https://www.pagesossolidaris.org/

# ملازمت کی تلاش

اگر آپ کے پاس NIE (نی اے: تارکین وطن کا شناختی نمبر) اور ورک پرمٹ ہے تو یہ ضروری ہے کہ آپ **SOC (ایمپلائمنٹ سروس آف کاتالونیا)** میں ملازمت کے متلاشی کے طور پر رجسٹرڈ ہوں اور ہر تین ماہ بعد اس دستاویز کی تجدید کریں۔

**پبلک ایمپلائمنٹ سروس آف کاتالونیا (SOC)**
Carrer Pere Cabrera, 24. 25008, Lleida
900800046
otlleida.soc@gencat.cat
8:30 سے 14 بجے تک۔

جو لوگ اپنی رجسٹریشن کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں انہیں ملازمت کی درخواست (DARDO) کو مندرجہ ذیل طریقوں سے تجدید کرنا ہو گا:

- انٹرنیٹ سے، SOC کی ویب سائٹ پر۔:
https://oficinadetreball.gencat.cat/socfuncions/tramits/
- ٹیلیفون سے، 046 800 900 پر کال کریں۔
- ذاتی طور پر، اپنے علاقے کے ایمپلائمنٹ آفس میں (پیشگی اپوائنٹمنٹ لینے کی تجویز کی جاتی ہے):
https://serveiocupacio.gencat.cat/es/detall/article/Sistema-en-linia-per-demanar-cita-al-SOC
یا مفت ٹیلیفون پر۔.

آپ ملازمت کی پیشکش کے لئے **جاب سرچ** انجن بھی استعمال کرسکتے ہیں
:SOC ,Feina Activa
https://feinaactiva.gencat.cat/search/offers/list?publicationRange=1&zone=cat&province=25

*Viure rural*: Les Garrigues کی علاقائی کونسل

https://viurearural.cat/servei/borsa-de-treball-de-les-garrigues-2/

Lleida کی بلدیہ کا میونسپل ایمپلائمنٹ انسٹی ٹیوٹ (IMO)

ایمپلائمنٹ ایجنسی:
https://imolleida.paeria.cat/ca/persona/ofertes-de-feina-agencia-de-col-locacio/ofertes-de-feina-gestionades-per-l2019imo

TALMA ایسوسی ایشن، ایمپلائمنٹ ایجنسی:
https://talma.portalemp.com/ofertas.html

اور علاقے میں موجود **عارضی ملازمت کی کمپنیوں** میں جا سکتے ہیں۔.


Consell Comarcal de
Les Garrigues
SERVEIS
Serveis Socials

# سوشل سروسز کا نظام

علاقائی کونسل کا سماجی حقوق اور مساوات کا محکمہ انفرادی، خاندانی، گروہی اور کمیونٹی کی سطح پر معلومات، رہنمائی، مشاورت اور انٹروینشن کی سروس فراہم کرتا ہے۔

یہ درج ذیل یونٹس پر مشتمل ہے:

- بُنیادی سوشل خدمت کی یونٹ
- بچوں اور نوجوانوں کی یونٹ
- مساوات اور فیمینزم کی یونٹ
- عمر رسیدہ اور معذور افراد کی یونٹ
- سوشل انٹگریشن کی یونٹ

آپ کی رہنمائی کریں گے:

**Les Garrigues کی علاقائی کونسل**

Avinguda de Francesc Macià, 54. 25400, Les Borges Blanques.

973142658 Ext. 202

ssocials@garrigues.cat

https://ccgarrigues.com/serveis/serveis-socials/

ان یونٹس میں فراہم کردہ کسی بھی خدمات، پروگرام یا امداد تک رسائی کے لیے آپ اپنی بلدیہ کے ذریعے سوشل ورکر کے ساتھ پیشگی اپوائنٹمنٹ لے سکتے ہیں۔



# یوتھ سروسز

Les Garrigues کے یوتھ آفس اور نوجوانوں کے لئے معلوماتی پوائنٹ کا مقصد نوجوانوں کو ان کی زندگی کے مختلف شعبوں میں معلومات، رہنمائی، مشاورت اور حوالہ یا ضرورت پڑنے پر ایک پُل کے طور پر معاونت فراہم کرنا ہے۔ ساتھ ہی یہ ادارہ نوجوانوں کی فعال شرکت اور اختیار افزائی کے ذریعے انہیں ضروری وسائل اور سہولیات مہیا کرتا ہے۔

آپ کی رہنمائی کریں گے:

**Les Garrigues کا یوتھ آفس**

Carrer de l'Avemaria, 14. 25400 Les Borges Blanques

973 143 447

garrigues@oficinajove.cat

@ojgarrigues

**La Granadella کا نوجوانوں کے لئے معلوماتی پوائنٹ**

نوجوانوں کے لئے معلوماتی پوائنٹ PIJ (سِوک سنٹر)
Carrer de la Vall d'en Roher, 25177 .9 La Granadella

973 133 017, ext. 4

pijgranadella@gmail.com

سوموار تا جمعہ، 18 سے 20 بجے تک۔

جولائی اور اگست: سوموار، بُدھ اور جمعرات، 19 سے 21 بجے تک۔

منگل اور جمعہ، 11 سے 13 بجے تک۔

https://www.lagranadella.cat/ajuntament/serveis/pij/


ESTIMA
COM
VULGUIS
RBECA, ORGULLOSAMENT DIVERSA

# خواتین کے لئے معلوماتی اور خدماتی سروس (SIAD)

Les Garrigues کی ’خواتین کے لئے معلوماتی اور خدماتی سروس‘ (SIAD) ’کومارکے‘ کی خواتین کے لیے ایک مخصوص سروس ہے، جس کے ذریع انہیں ان کی دلچسپی کے وسائل کے بارے میں معلومات فراہم کی جاتی ہے۔ اس میں دو مفت اور راز دارانی سروسز شامل ہیں: قانونی رہنمائی کی سروس اور نفسیاتی کیئر کی سروس۔

SIAD مردوں اور عورتوں کے درمیان مؤثر مساوات کے فروغ اور اس کے متعلق سماجی آگاہی کے کام میں تعاون کرتی ہے، جہاں جنسی تشدد کے کیسز کی نشاندہی اور روک تھام پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

آپ کی رہنمائی کریں گے:

**Les Garrigues کی علاقائی کونسل**

Avinguda de Francesc Macià, 54, 25400 Les Borges Blanques

ٹیلیفون پر پیشگی اپوائنٹمنٹ لینا لازمی ہے
ext. 217 658 142 973

siad@garrigues.cat
سوموار تا جمعہ، 8 سے 15 بجے تک

@siad_saigarrigues

https://ccgarrigues.com/

# کمپرینسیو کیئر سروس (SAI)

’کمپرینسیو کیئر سروس‘ (SAI) ایک معیاری اور قریبی خدمت ہے جو +LGTBI افراد کے لئے مخصوص ہے جو جنسی رجحان، جنسی شناخت یا جنسی اظہار کی بِنا پر امتیازی سلوک یا تشدد کا سامنا کر رہے ہیں، کر چکے ہیں یا خطرے میں ہیں۔

آپ کی رہنمائی کریں گے:

**Les Garrigues کی علاقائی کونسل**

973 142 658 ext. 262

sai@garrigues.cat



# ثقافت: لطف اندوز ہونا اور شرکت کرنا

Les Garrigues میں انتہائی بھرپور ثقافتی اور ایسوسی ایٹیو سرگرمیاں موجود ہیں جو محلے داروں کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دیتی ہیں۔ اپنے میونسپلٹی کی ثقافتی اور ایسوسی ایٹیو زندگی میں آپ کا شرکت کرنا شہری انٹگریشن کے لئے اہم ہے کیونکہ آپ کی شرکت گارّیگاس کے ثقافتی تنوع کی دولت کا ایک نمونہ ہے۔

’کومارکا‘ کی ثقافتی زندگی مختلف جگہوں اور ماحول میں رونما ہوتی ہے، مثلاً:

- لائبریریاں ثقافتی مراکز ہیں، جو ہر کسی کے لیے کھلے ہیں اور کتابی قرض اور آڈیو ویژول مواد، انٹرنیٹ اور وائی فائی تک رسائی جیسی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں، ریڈنگ گروپس کو فروغ دیتے ہیں، ادبی سرگرمیاں، نمائشیں، لیکچرز اور کانفرنسز منعقد کرتے ہیں اور مختلف ثقافتی سرگرمیوں میں اداروں سے تعاون کرتے ہیں۔

  - لائبریری کارڈ حاصل کرنے کا طریقه:

    - لائبریری کارڈ مفت ہے اور اگر آپ Les Garrigues کے ’کومارکا‘ میں رہتے ہیں تو درج ذیل فارم مکمل کر کے اس کی درخواست دے سکتے ہیں https://bibliotecamarquesolivart.cat/wp-content/uploads/2021/01/Carnet-biblioteca.pdf

    - فارم مکمل کرنے اور اس پر دستخط کرنے کے بعد آپ اس درخواست کو اپنے DNI (قومی شناختی کارڈ)، NIE (نی اے)، پاسپورٹ یا کسی دوسری سرکاری شناختی دستاویز کے ساتھ لائبریری میں پیش کریں۔

    - اگر آپ کے پاس پہلے سے لائبریریز نیٹ ورک آف کاتالونیا کا کارڈ ہے تو آپ کو ایک نیا کارڈ بنانے کی ضرورت نہیں، یه کارڈ آپ کسی بھی لائبریری میں استعمال کر سکتے ہیں۔

  - ’کورمارکا‘ میں موجود لائبریریوں کا وقوع جاننے کے لئے آپ درج ذیل انٹرایکٹیو میپ دیکھ سکتے ہیں: https://ccgarrigues.com/el-consell/noticies/mapa-de-les-biblioteques-comarcals-de-les-garrigues/

- **سِوک سنٹرز** میونسپل سہولیات ہیں جہاں مختلف قسم کی سرگرمیاں منعقد ہوتی ہیں: ورکشاپس، کانفرنسز، نمائشیں، کورسز وغیرہ جو ہر عمر اور کمیونٹی کے افراد کے لئے ہیں اور ان کا مقصد مشغلوں کو فروغ دینا، نئے تعلقات قائم کرنا، علم بڑھانا اور ایک مشترکه پروجیکٹ کا حصه بننا ہے۔ یه مراکز ملاقاتوں اور سرگرمیوں کے لئے سماجی و ثقافتی اداروں کو اسپیسس بھی فراہم کرتے ہیں۔

⚠ اپنی بلدیه سے رابطه کریں، وہ آپ کو شہر کے سِوک سنٹر کی نشاندہی کریں گے۔

Les Borges Blanques میں بھی حکومتِ کاتالونیا کی سِوک اور کمیونٹی 'کاسال' موجود ہے۔

Carrer de Màrius Torres, 3. 25400 Les Borges Blanques

973 14 28 35

lesborgesblanques@gencat.cat

سوموار تا جمعہ، 9 سے 21 بجے تک۔

- **میلے اور تہوارات۔** ہمارے 'کومارکا' میں اہم فصلوں، جیسے تیل، سے متعلق میلے اور نمائشیں منعقد کیئے جاتے ہیں، اور منڈیوں اور لوک ثقافت کی سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے ویب سائٹ چیک کریں:

https://www.turismegarrigues.com/ca/comarca/festesifires/

- آپ اپنی میونسپلٹی اور 'کومارکا' کے دیگر اداروں میں بھی حصہ لے سکتے ہیں، جو کاتالونیا کے روایتی رقص 'سردانہ' جیسی لوک ثقافت کو فروغ دیتے ہیں اور عملی جامہ پہناتے ہیں۔
- Agrupació Sardanista Arbeca Nostra (آربیکا نوسترا سردانسٹ گروپ)
- Agrupació Sardanista de les Borges Blanques (لاس بورجاس بلانکاس سردانسٹ گروپ)
- Colla Sardanista Brut Matura (بڑوت ناتُورا سردانسٹ گروپ)
- Agrupació Sardanista de Juneda (جُونیدا سردانسٹ گروپ)

مزید معلومات کے لئے دیکھیئے: Lleida، Sardalleida کے 'کومارکوں' کی سردانسٹ فیڈریشن

https://sardalleida.cat/

- یا Correfocs (آتشبازی کا ایک تماشا) کا اہتمام کرنے والے گروپس۔

Associació Colla de Diables Calents i Cornuts d'Arbeca –
https://www.instagram.com/diablesarbeca/?__d=1%2F

El Rojos de Junda (Juneda) -
https://www.instagram.com/rojos_de_junda/?hl=es

Diables i Tabales de les Borges Blanques -
https://diablesborgesblanques.cat/

- اگر آپ کسی کورل گروپ میں گانا چاہتے ہیں یا موسیقی سیکھنا چاہتے ہیں تو آپ Arbeca، Juneda اور Les Borges Blanques میں واقع **Escola de Música de Les Garrigues (لاس گارّیگاس میوزک اسکول)** سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

- ہر میونسپلٹی سے رابطہ کرنے کے لیے ملاحظہ کیجیئے:

https://agora.xtec.cat/escmusica-garrigues/on-som/

- یہ ادارہ کورل گروپس کو بھی فعّال کرتا ہے:

https://agora.xtec.cat/escmusica-garrigues/estudiar-2/agrupacions-corals/

- Les Garrigues میں ثقافتی سرگرمیوں اور تہواروں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے علاقائی کونسل کا ایجنڈا دیکھیں:

https://www.turismegarrigues.com/ca/comarca/agenda/

# سلامتی اور تحفظ

**ہنگامی ٹیلیفون نمبر 112** شہری تحفظ، عوامی تحفظ، آگ بجھانے اور ریسکیو، طبی ایمرجنسی سے متعلق تمام کالز کو مرکزی طور پر وصول کرتا ہے اور کسی ہنگامی صورتحال کے شکار شہری کو پبلک سروسز (کاتالان پولیس، فائر فائٹرز، ایمبولینس وغیرہ) کی درخواست کرنے کی خدمت فراہم کرتا ہے۔

کاتالونیا میں مختلف سیکورٹی ادارے موجود ہیں جو شہریوں کے حقوق کے تحفظ اور نافذ العمل قوانین و ضوابط پر عمل درآمد کے ذمہ دار ہیں۔ Les Garrigues کے شہریوں کے لئے قریب ترین سیکورٹی فورسز کاتالان پولیس ہیں جو کاتالونیا کے سارے قومی علاقے کو کور کرتے ہیں۔.

آپ رابطہ کرسکتے ہیں:

**Mossos d'Esquadra (کاتالان پولیس) کا تھانہ**

Avinguda de Francesc Macià, S/N, 25400 Les Borges Blanques

973 70 00 00

**سلامتی اور تحفظ کی دیگر سروسز**

**La Granadella کے رضاکار فائر فائٹرز کی یونٹ**

Carrer de la Pobla s/n. 25177 La Granadella

973 13 30 80

یہ سال بھر پیش آنے والی ہنگامی صورتحال کی اطلاعات کا فوری جواب دیتے ہیں۔

https://www.lagranadella.cat/ajuntament/serveis/parc-de-bombers/

**دیہی محافظین، Les Garrigues کا مین ایریا**

Ronda Sant Martí, 2-6. 25006 Lleida

973 28 29 83 / 973 28 10 30

lleidacar.interior@gencat.cat

https://web.gencat.cat/ca/adreces-i-telefons/detall/?codInf=22419

# ماحول

ری سائیکل کرنا، دوبارہ استعمال کرنا اور بازیافت کرنا جیسے عمل ماحول کی تباہی کو روکتے ہیں اور ہمیں صحت مند زندگی گزارنے میں مدد کرتے ہیں۔ کُوڑے کچرے کو الگ کرنا اور اسے مخصوص کنٹینرز میں ڈالنا لازمی ہے: ہلکے پیکس کے لئے پیلا کنٹینر، شیشے کے لئے سبز کنٹینر، کاغذ اور گتّے کے لئے نیلا کنٹینر، نامیاتی مواد کے لئے بھورا کنٹینر (یا بھورے ڈھکن والا سرمئی کنٹینر) اور باقی ماندہ کچرے کے لئے سرمئی کنیٹر۔

Arbeca، Cervià de Les Garrigues، El Cogul، La Floresta، Juneda ، La Granadella اور Puiggròs میں گھر گھر کُوڑا کچرا جمع کرنے کا نظام نافذ ہے۔ مستقبل میں اس نظام کو دیگر بلدیات تک توسیع دی جائیگی۔ اس نظام کی آپ کی میونسپلٹی میں دستیابی، اس کے اوقات اور جمع کیئے جانے والے کچرے کی اقسام کے بارے میں معلومات کے لئے اپنی بلدیہ سے رابطہ کریں۔

## علاقائی ری سائیکلنگ

یہ مراکز ایسے مقامات ہیں جہاں شہری وہ کچرا جمع کرا سکتے ہیں جس کے لئے سڑکوں پر مخصوص کنٹینرز موجود نہیں ہیں (جیسے سیل اور بیٹریاں، کھانے کا تیل، بلب، ٹیوبیں، کپڑے، کمپیوٹر کا سامان وغیرہ)۔ یہ سہولیات ایک پبلک سروس ہیں جو ہر قسم کے قابلِ ری سائیکل اور مخصوص کچرے کو ری سائیکل کرنے اور دوبارہ استعمال کرنے کو ممکن بناتی ہیں۔

ان مراکز میں کچرے کو وصول کیا جاتا ہے اور اسے ایسے پراسیس سے گزارا جاتا ہے کہ وہ ماحول کے لئے مضر ثابت نہ ہو اور دوبارہ استعمال کے قابل بن سکے۔ کلین پوائنٹس کی سروس ایک علیحدہ کچرا جمع کرنے کا نظام ہے جو ری سائیکلنگ کی شرح کو بڑھاتا ہے۔

Les Garrigues میں ایسے 3 مراکز ہیں:

**Les Borges Blanques کا کباڑ خانہ**

Partida Comardèvol, s/n. 25400 Les Borges Blanques,

صبح: سوموار تا ہفتہ، 9 سے 13 بجے تک
سہ پہر: سوموار، منگل، بُدھ اور جمعہ، 15 سے 17 بجے تک
973 14 26 58

**Juneda کا کباڑ خانہ**

Carretera LV-2001, 10. 25430 Juneda,
منگل اور جمعہ، 13 سے 18 بجے تک
ہفتہ: 9 سے 14 بجے تک

973142658

**La Granadella کا کباڑ خانہ**

Carrer Pou de l’Estel s/n. 25177, La Granadella
ہفتے میں ایک بار کھولتے ہیں۔ بلدیہ سے مزید معلومات حاصل کریں۔

973 13 30 17

- آپ کی میونسپلٹی تک آنے والے علاقائی کونسل کے **موبائل کباڑ خانے** کے دن اور اوقات معلوم کرنے کے لئے اپنی بلدیہ سے رابطہ کریں۔
- کچھ میونسپلٹیز، جیسے Granyena، **گھر گھر چھوٹے کباڑ خانے** کی سروس فراہم کرتی ہیں۔ اپنی بلدیہ سے کلیکشن کی تاریخوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

**بڑی اشیاء کی کلیکشن**


اگر آپ بڑی اشیاء (گھریلو برقی آلات، گدے، پُرانا فرنیچر، کمپیوٹنگ اور دفتری سامان وغیرہ) کی کلیکشن کی سروس حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس سروس کی درخواست کے لئے اپنی بلدیہ کو فون کریں۔

# ری سائیکلنگ میں، ہر عنصر کہاں ڈالیں؟




پلاسٹک کی بوتلیں اور گیلن، ٹِن، ڈبّے، کارک، پلاسٹک کے دہی، پلاسٹک کے تھیلے، پلاسٹک کے ڈبّے، پھلوں کی جالیاں، پولی اسٹرین ٹرے، ٹوتھ پیسٹ کے پیکٹ، پلاسٹک کے ریپر اور الومینیم پیپر، لکڑی کے چھوٹے ڈبّے، گھریلو استعمال کی اسپرے، ڈیوڈورنٹ کی بوتل وغیرہ۔

ان اشیاء کے علاوہ باقی ویسٹ کو اس کنٹینر میں نہیں پھینکا جا سکتا، بے شک وہ قابلِ ری سائیکل مٹیریل کا بنا ہو، جیسے پلاسٹک کی بالٹیاں، ڈبّے، پلاسٹک کے پائپ وغیرہ۔ اس صورت میں ان اشیاء کو کباڑ خانے میں لے کر جانا ہو گا۔




شیشے کے پیالے، شیشے کی بوتلیں اور شیشے کے دہی کے برتن۔


ان اشیاء کے علاوہ باقی ویسٹ کو اس کنٹینر میں نہیں پھینکا جا سکتا، جیسے کپ، گلاس یا ایک کھڑکی کا شیشہ۔ اس صورت میں ان اشیاء کو کباڑ خانے میں لے کر جانا ہو گا تا کہ اسے ری سائیکل کیا جا سکے۔




اخبارات، کاغذ کے لیبل، گتّے کے ڈبّے، کاغذ یا گتّے کے تھیلے، لفافے، رسالے اور کاغذ کے صفحات۔




کھانے کی باقیات، استعمال شُدہ کافی، بیج، گھاس، چائے کی تھیلیاں، پھول، لکڑی کی ماچس کی تیلیاں، کارک کے ڈھکن، کافی کے فلٹر، انڈے کے چھلکے، جانوروں کا فضلہ، لکڑی کے چھوٹے ڈنڈے، دانت کے تیلے، کچن پیپر، ٹشو پیپر وغیرہ۔




ڈائپرز اور پیڈز، ٹوتھ برش، صفائی کے اسفنج، جھاڑو کی گرد، بلی کی ریت، استرے، سگریٹ کے ٹکڑے، بجھی ہوئی راکھ وغیرہ۔


Les Garrigues
OFICINA LOCAL D'HABITATGE

# رہائش و مکان (ہاؤسنگ)

Les Garrigues **کے مقامی ہاؤسنگ دفتر** کی درج ذیل سروسز:

- رہائش کے حق کے قانون کے نفاذ اور رہائش کے حق کے لئے پلان کی امدادی لائنوں کے مطابق، رہائش و مکان سے متعلق تمام معاملات پر شہریوں کو معلومات اور مشاورت فراہم کرنا۔
- کاتالونیا کی ہاؤسنگ ایجنسی کے زیر انتظام پروگراموں اور امدادی لائنوں سے متعلق درخواستوں کا اندراج۔
- دفتر میں پیش کردہ دستاویزات کی تصدیق و جائزہ، اور ہاؤسنگ ایجنسی کی متعلقہ سروسز کو درخواستوں اور دستاویزات کی منتقلی۔
- پُرانی تعمیر شُدہ رہائشوں کے لئے رہائش کے قابل ہونے کے سرٹیفکیٹ کی کارروائی۔

آپ کی رہنمائی کریں گے:

**Les Garrigues کا مقامی ہاؤسنگ دفتر۔ علاقائی کونسل**

Avinguda de Francesc Macià, 54. 25400, Les Borges Blanques.

973142658

habitatge@garrigues.cat

https://ccgarrigues.com/serveis/oficina-local-dhabitatge/

**کاتالونیا کی ہاؤسنگ ایجنسی کی علاقائی سروس۔**

Carrer. Clot de les Monges, 6-8. 25007, Lleida

973 031 800

ofideute@gencat.cat

سوموار تا جمعہ، 9 سے 14 بجے تک

http://agenciahabitatge.gencat.cat



# ’کومارکا‘ سے باہر دیگر سروسز اور سہولیات (SOC، اِمیگریشن آفس وغیرہ)

اگر آپ کسی ایسی صورتحال کا شکار ہیں جسکی کارروائیاں یا اُمور ’کومارکا‘ کی میونسپلٹیز اٹینڈ نہیں کر سکتیں تو آپ کو Ponent کے علاقوں کے حوالہ شہر Lleida جانا ہوگا۔

اہم ترین سروسز درج ذیل ہیں:

**Lleida میں اسپینش حکومت کی سَبڈیلیگیشن**

Plaça de la Pau, 1, 25007 Lleida

973 95 90 00

registro.lleida@correo.gob.es

https://mpt.gob.es/portal/delegaciones_gobierno/delegaciones/catalunya/sub_lleida.html

**اِمیگریشن آفس**

Avinguda Prat de la Riba, 36, 25008, Lleida

973 95 92 13

سوموار تا جمعرات، 9 سے 17:30 بجے تک۔ جمعہ، 9 سے 14 بجے تک۔

https://mpt.gob.es/ca/delegaciones_gobierno/delegaciones/catalunya/servicios/extranjeria.html#Lleida.Sede1

**(اسپینش) نیشنل پولیس کا صوبائی تھانہ**

Carrer de L’Ensenyança, 2. 25004 Lleida

**اِمیگریشن آفس**

973728500

https://citapolicianacional-es.org/policia-nacional-en-lleida/

نیشنل پولیس کے صوبائی تھانے کی پیشگی اپوائنٹمنٹ:

https://icp.administracionelectronica.gob.es/icpplus/index.html

(کاغذاتی کارروائیاں)۔

**وزارت خزانہ کی ٹیکس ایجنسی کی ڈیلیگیشن**

Plaça Cervantes, 17. 25002, Lleida

973 70 67 00

کسی بھی قسم کی کاغذاتی کارروائی یا درخواست کے لئے پیشگی اپوائنٹمنٹ ضروری ہے:

https://sede.agenciatributaria.gob.es/Sede/procedimientoini/GC29.shtml

دستاویزات کا اندراج کروانے کے لئے پیشگی اپوائنٹمنٹ ضروری نہیں ہے۔

**نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف سوشل سیکورٹی (INSS) کا خدماتی اور معلوماتی مرکز (وزارت اِنکلوژن، سوشل سیکیورٹی اور مائیگریشنز)**

Carrer Jordi Cortada, 2. 25001, Lleida

973700769

کسی بھی قسم کی کاغذاتی کارروائی یا درخواست کے لئے پیشگی اپوائنٹمنٹ ضروری ہے:

https://sede.seg-social.gob.es/wps/portal/sede/sede/Ciudadanos/cita+previa+para+pensiones+y+otras+prestaciones

## سندوں کی تصدیق (ہومولوگیشن)

ہومولوگیٹ (تصدیق) کرنا کسی ڈگری کے جواز کو تسلیم کرنا ہے جیسے یہ کاتالونیا میں حاصل کی گئی ہو۔ یہ آپ کو آپ کے پیشے میں کام کرنے اور مزید تعلیم جاری رکھنے کی اجازت دیتا ہے۔ تصدیق کرنے کا مطلب ہے کہ کاتالونیا میں تعلیم کو جاری رکھنے کے لئے بیرون ملک میں حاصل کی گئی تعلیم کو درست سمجھا جاتا ہے۔ غیر ممالک کے تعلیمی نظام کی تمام غیر یونیورسٹی تعلیمات کو ہومولوگیٹ کیا جا سکتا ہے، سوائے زبانوں کے۔ آپ کی رہنمائی کریں گے:

**کاتالونیا کے تارکین وطن کی باہمی امداد کی ایسوسی ایشن (AMIC-UGT)**

یہ ایسوسی ایشن غیر ملکی یونیورسٹی اور سیکنڈری تعلیم کی سرکاری سندوں کی ہومولوگیشن کے لئے مشاورت کی سروس فراہم کرتی ہے۔ علاقائی کونسل میں پیشگی اپوائنٹمنٹ لینا لازمی ہے۔

973142658

immigracio@garrigues.cat.

https://www.associacioamic.cat/ca/homologacio-de-titols/

**یونیورسٹی اسناد کی منظوری کے لئے معاونتی سروس (SARU)**

**Generalitat de Catalunya (حکومتِ کاتالونیا)**

Carrer de Trajà, 14 (Interior). 08004 Barcelona. Parc de la Font Florida

936 55 97 04

saru.dretssocials@gencat.cat

انتظار سے بچنے کے لئے ہم آپ کو پیشگی اپوائنٹمنٹ لینا تجویز کرتے ہیں۔
سوموار، بُدھ اور جمعہ: 8 سے 15 بجے تک
منگل اور جمعرات: 8 سے 14 بجے تک اور 14:30 سے 17:30 بجے تک
جولائی اور اگست کے مہینوں کے دوران: 8 سے 15 بجے تک

https://dretssocials.gencat.cat/ca/ambits_tematics/migracions-refugi/serveis/servei-acompanyament-reconeixement-universitari/

**غیر ممالک کی غیر یونیورسٹی سندوں کی ہومولوگیشن (Generalitat de Catalunya-حکومتِ کاتالونیا)**

https://educacio.gencat.cat/ca/tramits/tramits-temes/homologacio-titols

Lleida کی تعلیمی علاقائی سروسز بھی اس بارے میں رہنمائی کر سکتی ہیں۔

Carrer Pica d'Estats, 2. 25006 Lleida

973 27 99 99

https://educacio.gencat.cat/ca/departament/serveis-territorials/lleida/

**اسپینش نیشنلٹی (شہریت):**

Instituto Cervantes (اِنستی تُوتو سیربانتیس) کی ویب سائٹ چیک کریں:
https://examenes.cervantes.es/es/ccse/examen

اس کارروائی کے دوران معلومات اور مشاورت کے لئے علاقائی کونسل کی مائیگریشن سروس سے پیشگی اپوائنٹمنٹ لینا ضروری ہے۔

immigracio@garrigues.cat

973142658

**مساوی سلوک اور عدم امتیاز کا آفس (OITND)**

اگر آپ عمر، نژاد، جنس، LGTBI -فوبیا، زبان یا ثقافتی شناخت، مذہب، سماجی یا معاشی حیثیت، قانونی انتظامی حیثیت، غریب فوبیا، یا جسمانی یا ذہنی معذوری کی بِنا پر امتیازی سلوک کا شکار ہوئے ہیں یا اس کے گواہ رہے ہیں تو آپ حکومتِ کاتالونیا کے مساواتی سلوک اور عدم امتیاز کے آفس میں اس کو آگاہ کرنے اور شکایت درج کروانے کے حقدار ہیں۔ یہ آفس جرمانے کے امکان کا تجزیہ کرے گا اور تنازعات کے حل کے مختلف طریقوں، جیسے ثالثی، کوفعال کرے گا۔

Carrer del Foc, 57, edifici A, 08038 Barcelona

938 574 000

سوموار تا جمعہ، 8:30 سے 14 بجے تک:

https://igualtat.gencat.cat/ca/oficina-digualtat-de-tracte-i-no-discriminacio/

رپورٹ درج ذیل طریقوں سے کر سکتے ہیں:

**> ذاتی طور پر Lleida میں حکومتِ کاتالونیا کے شہری خدمت کے آفس میں**

Carrer Lluís Companys 1, 25003 Lleida

973 70 35 00

ویب سائٹ کے ذریعے پیشگی اپوائنٹمنٹ لینا لازمی ہے:

https://ovt.gencat.cat/carpetaciutadana360/mfe-fc-app/gsitfc/AppJava/citpre/citpre.do?reqCode=simpleSearch&idTemaN2=31937&idTemaN3=31938

**آن لائن** ویب سائٹ کے ذریعے

https://igualtat.gencat.cat/ca/oficina-digualtat-de-tracte-i-no-discriminacio/area-de-denuncies-i-atencio-a-les-victimes/Vull-posar-una-denuncia-per-discriminacio/

**محتسبِ عوام**

کاتالان محتسبِ عوام انتظامیہ اور عام مفاد کی خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں (جیسے پانی، بجلی، گیس، ٹیلیفون وغیرہ) کے خلاف آپ کے حقوق کا دفاع کرتا ہے۔ کسی بھی قومیت اور عمر کا شخص اور کمپنیاں اور ایسوسی ایشنز بھی اس ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

محتسبِ عوام مختلف امور، جیسے صحت، رہائش، تعلیم اور سماجی خدمات وغیرہ کے بارے میں شکایات اور سوالات کو حل کرتا ہے۔ کسی حق کی ممکنہ خلاف ورزی کا علم ہونے پر یہ ازخود بھی کارروائی کرسکتا ہے۔

محتسبِ عوام کا انتخاب کاتالونیا کی پارلیمان کے اکثریتی ووٹ سے ہوتا ہے اور یہ سیاسی طور پر خود مختار ہوتا ہے، یعنی یہ کسی حکومت کے تابع

نہیں ہوتا اور غیر جانبداری، آزادی اور خود مختاری کے ساتھ کام کرتا ہے۔

آپ کی رہنمائی کریں گے:

Passeig de Lluís Companys 7, 08003 Barcelona

900.124.124 (مُفت)

sindic@sindic.cat

سوموار تا جمعرات، 8:30 سے 17:30 بجے تک، اور جمعہ، 8:30 سے 15 بجے تک

https://www.sindic.cat/ca/page.asp?id=1

اگر آپ محتسبِ عوام کے سامنے ایک شکایت پیش کرنا چاہتے ہیں تو ویب سائٹ کے ذریعے کر سکتے ہیں:

https://web.gencat.cat/ca/temes/administracio/vull-presentar-una-queixa-al-sindic/index.html



# ضمیمہ

## ضمیمہ 1: بلدیات کا پتہ اور رابطہ

یہ انتہائی مفید ہے کہ آپ اپنی بلدیہ کی موبائل ایپ ڈاون لوڈ کریں تا
کہ آپ کو بلدیاتی اقدامات اور اہم بلدیاتی واقعات کے بارے میں مفید
معلومات بروقت موصول ہو سکے۔

رابطہ کرنے کے لئے:

https://ccgarrigues.com/la-comarca/poblacions/

### L'Albagés
C. Santiago Rusiñol, 9. 25155 L'Albagés
973 12 11 29
ajuntament@albages.cat
https://www.albages.cat/

### L'Albí
C. Abeurador, 1. 25450 L'Albí
973 17 50 04
ajuntament@albi.cat
https://www.albi.cat/

### Arbeca
C. Pl. Generalitat, 3. 25140 Arbeca
973 16 00 08
ajuntament@arbeca.ddl.net
https://www.arbeca.cat/

### Bellaguarda
Pl. Escoles núm. 7. 25163 Bellaguarda
973 12 40 04
ajuntament@bellaguarda.cat
https://www.bellaguarda.cat/

### Les Borges Blanques
C. del Carme, 21. 25400 Les Borges Blanques
973 14 28 50
ajuntament@lesborgesblanques.cat
https://www.lesborgesblanques.cat/

### Bovera
C. Major. 20-22. 25178 Bovera
973 13 31 39
ajuntament@bovera.ddl.net
https://bovera.ddl.net/

### Castelldans
Passeig de Moragues, 21. 25154 Castelldans
973 12 00 02
ajuntament@castelldans.cat
https://www.castelldans.cat/

### Cervià de Les Garrigues
C./ Francesc Palau, 1.
25460 Cervià de Les Garrigues
973 17 80 02
ajuntament@cervia.ddl.net
https://cervia.ddl.net/

**Granyena de Les Garrigues**

C. del Portal, 5. 25160 Granyena de Les Garrigues

973 13 61 85

ajuntament@granyenagarrigues.ddl.net

https://granyenagarrigues.ddl.net/

**Juncosa**

Plaça Major, 6. 25165 Juncosa

973 12 80 04

ajuntament@juncosa.cat

https://www.juncosa.cat/

**Juneda**

Carrer Major 13. 25460 Juneda

973 150 014

ajuntament@juneda.cat

https://www.juneda.cat/

**Els Omellons**

Plaça, 13. 25412 Els Omellons

973 15 60 31

ajuntament@omellons.ddl.net

https://omellons.ddl.net/

**La Pobla de Cérvoles**

C. Plaça de Sant Miquel, 9. 25471 La Pobla de Cèrvoles

973 17 51 52

ajuntament@lapoblacervoles.cat

https://poblacervoles.ddl.net/

**El Cogul**

Plaça de la Vila, 4. 25152 El Cogul

973 12 03 67

ajuntament@cogul.cat

https://www.cogul.cat/

**L'Espluga Calba**

C. de Pau Casals, 15. 25410 L'Espluga Calba

973 15 60 05

ajuntament@esplugacalba.ddl.net

https://esplugacalba.ddl.net/

**La Floresta**

C. de la Font, s/n. 25413 La Floresta

973 14 10 94

ajuntament@floresta.cat

https://www.floresta.cat/

**Fulleda**

C. del Forn, 1. 25411 Fulleda

973 15 62 01

ajuntament@fulleda.cat

https://www.fulleda.cat/

**La Granadella**

C. del Pla de la Vila, 33. 25177 La Granadella

973 13 30 17

ajuntament@granadella.ddl.net

https://www.lagranadella.cat/

## Vinaixa

Plaça dels Arbres, 2. 25440 Vinaixa

973 17 57 22

ajuntament@vinaixa.cat

https://www.vinaixa.cat/

## Puiggròs

C. Carrer Nou, s/n. 25420 Puiggròs

973 14 08 02

ajuntament@puiggros.ddl.net

https://puiggros.ddl.net/

## El Soleràs

Carretera de Bellpuig, 23. 25163 El Soleràs

973 13 32 32

ajuntament@soleras.ddl.net

https://soleras.ddl.net/

## Tarrés

C. Montserrat, 7. 25480 Tarrés

973 17 56 20

ajuntament@tarres.cat

https://www.tarres.cat/

## Els Torms

Pl. Major, 4. 25164 Els Torms

973 12 81 13

secretari@elstorms.cat

https://www.elstorms.cat/

## El Vilosell

Plaça de l'Ajuntament, 3. 25547 El Vilosell

973 17 52 21

ajuntament@vilosell.cat

https://www.vilosell.cat/

## ضمیمہ 2: آؤبھگت، ہم آہنگی اور انکلوژن کے ادارے

**Associació Africana de les Borges Blanques**
**(لاس بورجاس بلانکاس کی آفریقی ایسوسی ایشن)**

Carrer del Pintor Pau Macià , 3, 2 2.
25400 Les Borges Blanques

643034740

faraba1987@gmail.com

**Associació Initché Fútbol social**
**(اِنتچے سوشل فٹبال ایسوسی ایشن)**

Plaça Ramon Arqués 1 1er 2a.
25400 Les Borges Blanques

680574645

info@initche.org

https://www.instagram.com/initchefutbolsocial/

https://www.initche.org/

**Coordinadora antifeixista i antiracista Coloma Seró**
**(کولوما سیرو اینٹی فیسسٹ اور اینٹی ریسسٹ کوآرڈینیٹر)**

coordinadora.colomasero@gmail.com

https://www.instagram.com/coordinadora.colomasero/

**Creu Roja Les Garrigues**
**(لاس گارّیگس ریڈ کراس)**

Av/ Francesc Macià 52.
25400 Les Borges Blanques

973 14 34 93

lesgarrigues@creuroja.org

https://www.instagram.com/creurojalesgarrigues/

**Òmnium Cultural**
**(اَومنیئم کُلٹُورال)**

lesgarrigues@omnium.cat

https://www.omnium.cat/ca/seus/les-garrigues/

https://www.instagram.com/omniumgarrigues

## ضمیمہ 3: لاس گارّیگاس کے تعلیمی مراکز

**لاس گارّیگاس کی تعلیمی سروسز: نرسری-پرائمری اور سیکنڈری اسکول**

https://serveiseducatius.xtec.cat/garrigues/el-servei-educatiu/centres-educatius/

**نرسری اسکول**

**Sant Jaume**
C. la Bassa, 27. 25140 Arbeca
973 160 008
c5009769@xtec.cat

**Plou i fa sol**
Pg. Moragues, 23. 25154 Castelldans
973120002
c5008947@xtec.cat

**El Soleràs**
Ctra. Bellpuig, 23. 25163 El Soleràs
c5009988@xtec.cat

**L'Espigol**
Passeig de l'Esport, 13.25165 Juncosa
973128111
c50078888@xtec.cat

**L'Escoleta**
C. Pla Molí, s/n. 25430 Juneda
973150101
c5008251@xtec.cat

**EB Municipal**
Av. de Les Garrigues, 4. 25450 L'Albi
973175004
c5008431@xtec.cat

**EB Joan XXIII**
C. Diagonal, s/n. 25400 Les Borges Blanques
973 143 577
llardinfants@lesborgesblanques.cat

**EB L'Espluga Calba**
Av. Catalunya, s/n. 25410 L'Espluga Calba
c5010051@xtec.cat

**Les Garrigues**
C. Escoles, 2. 25177 La Granadella
973133488
c5007037@xtec.cat

**پرائمری**

**ESC Albirka**
C. Mestre Rossend Vigatà, s/n. 25140 Arbeca
973 160067
ceipalbirka@xtec.cat
https://agora.xtec.cat/ceipalbirka/

**ESC Els Set Focs**
Pl. De les Escoles, 7. 25163 Bellaguarda
973 124075
c5003676@xtec.cat
https://agora.xtec.cat/zerelaia/

**ESC L'Espígol**

- Pg. De l'Esport, s/n. 25165 Juncosa
- 973 128111
- c50078888@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/zergarriguesaltes/

**ESC Nrta. Sra. De Gràcia**

- Pl. Pl. Joan Perucho, 3. 25177 La Granadella
- 973 133368
- c5001710@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/zerelaia/

**ESC Mare Déu Montserrat**

- Ntra. Sra. Montserrat, s/n. 25155 L'Albagés
- 973 121200
- c5000146@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/zervallaranyo/

**ESC Els Aubis**

- Av. Catalunya, 17. 25450 L'Albi
- 973 175505
- c5000171@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/zerriuset/

**ESC Joan XXIII**

- C. Diagonal, s/n. 25400 Les Borges Blanques
- 973 142328
- c5001141@xtec.cat
- https://blocs.xtec.cat/joanxxiiiborges/category/general/

**ESC Vallmajor**

- C. de les Escoles, 5. 25178 Bovera
- 973 133536
- c5001126@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/zerelaia/

**ESC Timorell**

- Pg. Francesc Moragues, s/n. 25154 Castelldans
- 973 120317
- c5001254@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/zervallaranyo/

**ESC El Cérvol**

- C. Països Catalans, s/n.
  25460 Cervià de Les Garrigues
- 973 178148
- c5001333@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/zerriuset/

**ESC del Soleràs**

- Pl. De les Escoles, s/n. 25163 El Soleràs
- 973 133455
- c5004231@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/zergarriguesaltes/

**ESC Manuel Ortiz**

- C. Prat de la Riba, s/n. 25430 Juneda
- 973 150101
- c5001928@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/ceip-orca/

### INS Josep Vallverdú

- C. Dr. Trueta, s/n. 25400 Les Borges Blanques
- 973 142700
- c5006525@xtec.cat
- http://ins-josepvallverdu.cat/webcentre/

### C. Mare Déu Montserrat

- C. Mare de Deu de Montserrat, 1.
  25400 Les Borges Blanques
- 973 142975
- c5001151@xtec.cat
- https://www.colmontserrat.cat/

### C. Mare Déu Montserrat

- C. M. D. Montserrat, 1. 25400 Les Borges Blanques
- 973 142975
- c5001151@xtec.cat
- https://www.colmontserrat.cat/

### ESC Porcel de Cervera

- Av.  Catalunya, s/n. 25410 L'Espluga Calba
- 973 156258
- c5001473@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/zer-pedrera/

### ESC Abat Ruera

- C. de la Creu, s/n. 25420 Puiggròs
- 973 143016
- c5005910@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/zer-pedrera/

### ESC Sant Bonifaci

- Ctra. de Lleida, s/n. 25440 Vinaixa
- 973 175013
- c5005107@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/zerriuset/

## سیکنڈری

### INS l'Olivera

- Pl. Pl. De les Escoles, 3. 25177 La Granadella
- 973 133605
- c5007499@xtec.cat
- https://agora.xtec.cat/iesolivera/

## دیگر ادارے

### TALMA

- Ctra. Torregrossa, Km 11.
  25430 Juneda
- 973 150414
- c5006094@xtec.cat
- https://talma.cat/

### Camp d'Aprenentatge Les Obagues

- Partida Secanet.
  25430 Juneda
- 973 195663
- cda-juneda@xtec.cat
- https://serveiseducatius.xtec.cat/cda-juneda/

**Escola Agrària**

Finca la Pujada.
25400 Les Borges Blanques

973 143169

aecabor.darp@gencat.net

https://agora.xtec.cat/eca-borges/

**Escola de música**

C. Dr. Trueta, s/n.
25400 Les Borges Blanques

973 143434

c5007724@xtec.cat

https://agora.xtec.cat/escmusica-garrigues/